13-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے واضح کیا ہے کہ کانگریس کی عوامی حکومت ریاست میں روحانیت کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحت اور آبپاشی کے شعبوں کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

۲۔بی آر ایس کے کارگزار صدر و سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی آر نے کہا ہے کہ کے سی آر نے ہمیشہ تلنگانہ کے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کیا ہے۔

۳۔مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے سنگارینی کمپنی کے تحفظ اور ترقی کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک مکتوب لکھا ہے۔

اور

۴۔وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے جنگی حالات کے مطابق جدید ٹکنالوجی کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

BHATTI VIKRAMARKA

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے واضح کیا ہے کہ کانگریس کی عوامی حکومت ریاست میں روحانیت کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحت اور آبپاشی کے شعبوں کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے آج ملگ ضلع کے گوڈم گٹہ میں واقع شری ستیہ نارائن سوامی مندر کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔اس تقریب میں وزراء سریدھر بابو، پونم پربھاکر، کئی ارکان اسمبلی اور رکن پارلیمنٹ گڈم وینکٹیشور راؤ نے شرکت کی۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے بھٹی وکرمارکا نے اعلان کیا کہ صرف ڈھائی سال کے عرصہ میں ریاست بھر کے مندروں کی ترقی کے لئے 2 ہزار 216 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔

PTC - Mancherial

Rajnath Singh:

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے جنگی حالات کے مطابق جدید ٹکنالوجی کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد کے قریب ڈنڈیگل ایرفورس اکیڈمی میں منعقدہ 217 ویں کورس کی کمبائنڈ گریجویشن پریڈ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ سائنس اور ٹکنالوجی میں ہونے والی ترقی کی وجہ سے جنگ کی نوعیت میں نمایاں تبدیلیاں آئی ہیں۔ اب وہ دور گزر چکا ہے جب جنگوں میں صرف فوجی اور روایتی ہتھیار ہی حصہ لیتے تھے، بلکہ اب راڈارس، سٹلائٹ، ڈرونس اور روبوٹک سسٹم جنگی حکمت عملی کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ حریف ممالک کے معلوماتی، مواصلاتی اور نگرانی کے نظام کو کنٹرول کرنا بھی جنگ میں انتہائی اہم ہو گیا ہے۔ وزیر دفاع نے نئے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ وہ چیلنجوں کا سامنا کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہیں اور حالات کے مطابق اپنی تکنیکی مہارتوں کو فروغ دیں۔ انہوں نے ذہنی صلاحیتوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ محض سخت محنت ہی کافی نہیں بلکہ 'اسمارٹ ورک' کو بھی ترجیح دی جانی چاہئے۔ اس پریڈ میں نیشنل ڈیفنس اکیڈمی سے تربیت حاصل کرنے والی خواتین کیڈٹس کا پہلا بیاچ باقاعدہ طور پر ہندوستانی فضائیہ میں شامل ہوا۔ تقریب کے دوران سکھوئی 30 ایم کے آئی، سارنگ ہیلی کاپٹر ٹیم اور سوریا کرن ایروبیٹک ٹیم کے فضائی کرتبوں نے حاضرین کو کافی مسحور کیا۔

Byte - Rajnath Singh

MSM/RNU/HYD

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت داموددر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ حیدرآباد کے ساتھ ساتھ مانجرا کے پانی پر انحصار کرنے والے علاقوں کے لوگوں کو صاف اور معیاری پینے کا پانی فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ مانجرا کے طاس میں مچھلیوں کے غیر قانونی تالابوں اور پانی کی آلودگی سے متعلق لگائے گئے الزامات کو حکومت نے

انتہائی سنجیدگی سے لیا ہے۔ وزیر موصوف نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور پینے کے پانی کے تحفظ کے معاملہ میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سنگاریڈی کے ضلع کلکٹر اور متعلقہ حکام کو مانجرا کے طاس میں غیر قانونی تالابوں کی جامع تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

PTC, Sangareddy

Kalvakuntla Kavitha

تلنگانہ رکشا سینا کی صدر کے کویتا نے کھمم میں 12 سالہ معصوم لڑکی کے ساتھ پیش آئے عصمت دری کے واقعہ کی سخت مذمت کی ہے۔ انہوں نے نمس ہاسپٹل پہنچ کر زیر علاج متاثرہ لڑکی کی عیادت کی۔ بعد ازاں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ نابالغ بچوں پر مظالم بڑھنے کے باوجود حکومت کی بے حسی انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعلیٰ فوری طور پر اس معاملہ میں مداخلت کریں اور ملزم کو پھانسی کی سزا دلائیں، ساتھ ہی متاثرہ خاندان کی مدد کے لئے مکان کی منظوری اور ہر ماہ 50 ہزار روپے پنشن دی جائے۔

PTC, Hyderabad

SIT

ریاست میں فون ٹیپنگ کیس کے سلسلہ میں خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے وزیر ٹی ناگیشور راؤ کا بیان ریکارڈ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق 2023 کے انتخابات کے دوران ٹی ناگیشور راؤ کا فون ٹیپ کیا گیا تھا۔ ایس آئی ٹی کے حکام نے وزیر موصوف کے گھر جاکر ان کا استعمال کردہ نمبر دکھایا اور تفصیلات کے ساتھ ان کا بیان درج کیا۔ دوسری طرف، فون ٹیپنگ کیس میں ایس آئی ٹی نے رکن پارلیمنٹ انیل کمار اور سابق رکن پارلیمنٹ انجن کمار کو بھی نوٹس جاری کئے ہیں۔ یہ دونوں قائدین جلد ہی ایس آئی ٹی کی تحقیقات میں شامل ہوں گے۔

City, Hyderabad

P.V. Sindhu

آسٹریلین اوپن سوپر بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں ہندوستان کی اسٹار شٹلر پی وی سندھو کو ٹاپ سیڈ جاپانی کھلاڑی اکانے یاما گوچی کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ موجودہ ورلڈ چمپئن یاما گوچی نے ہندوستانی شٹلر کو 12-21 اور 20-22 کے فرق سے ہرا کر فائنل کی دوڑ سے باہر کر دیا۔ پہلے گیم میں سندھو طویل وقت تک برتری برقرار رکھنے میں کامیاب رہیں، لیکن یاما گوچی نے شاندار واپسی کرتے ہوئے اسکور 20-20 سے برابر کر دیا۔ اس کے بعد جاپانی کھلاڑی نے لگا تار دو پوائنٹس حاصل کر کے پہلا گیم جیت لیا۔ دوسرے گیم میں بھی جاپانی کھلاڑی نے اپنا دباؤ برقرار رکھا اور آسانی سے کامیابی حاصل کر لی۔

Desk

Jangaon

کام کی جگہوں پر خواتین ملازمین کو جنسی ہراسانی کا نشانہ بنانے کے خلاف بنائے گئے 'پوش ایکٹ' کے تحت جنگاؤں ضلع کلکٹریٹ میں پہلا کیس درج کیا گیا ہے۔ محکمہ زراعت میں کام کرنے والی ایک خاتون کی اجازت کے بغیر تصاویر لینے، ان میں الٹ پھیر کرنے اور سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے کی شکایت پر، جنسی ہراسانی روک تھام قانون 2013 کے تحت کارروائی کی گئی۔ جنگاؤں کے ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا کی ہدایت پر محکمہ زراعت میں اے او کے عہدہ پر تعینات عہدیدار کے خلاف کیس درج کر کے اسے ریمانڈ پر بھیج دیا گیا ہے۔ داخلی تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ ملزم ماضی میں بھی خواتین کے ساتھ ایسی نازیبا حرکات میں ملوث رہا ہے۔

PTC, Jangaon

Weather

محکمہ موسمیات نے جی ایچ ایم سی کے حدود میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ نے آج ریاست کے 6 اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ پیش قیاسی کے مطابق 60 سے 90 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ سیری لنگم پلی میں سب سے زیادہ بارش کا امکان ہے اور عوام کو محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سوریا پیٹ، یادادری، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل اور سنگاریڈی اضلاع کے لئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر عوام اور حکام کو الرٹ رہنے کے لئے کہا گیا ہے۔ معین آباد، شنکر پلی، موکیلا، کولور، تیلا پور، ناگولا پلی، نلا گنڈلہ، پٹن چیرو، بی ایچ ای ایل، آرسی پورم، امین پور، کوکا پیٹ، منی کونڈہ اور حمایت ساگر کے علاقوں میں ہلکی تا اوسط بارش کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔

Desk

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے بتایا ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کروائی جانے والی وی بی جی رینج اسکیم پر حکومت تلنگانہ شدید اعتراض کا اظہار کر رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یکم جولائی سے اس پالیسی کو نافذ کرنے کے مرکزی حکومت کے دباؤ کے خلاف ایک احتجاجی مکتوب لکھا جائے گا۔ آج اعلیٰ حکام کے ساتھ منعقدہ ایک جائزہ اجلاس میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کام کے دنوں کا الاٹمنٹ ملازمت کے ایام کی فراہمی میں نئی شرائط وضوابط درست نہیں ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر زرعی سیزن کے دوران 60 دنوں کے لئے کام روکنے کی شرط پر سخت اعتراض کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ طویل مدتی بنیادوں پر روزگار ضمانت اسکیم کے تحت شجرکاری کے پروگرام شروع کئے جاتے ہیں اور اگر اس دوران کام میں وقفہ دیا گیا تو یہ مرکز کے اقدام پر دھکہ ثابت ہوگا۔

PTC, Hyderabad

Anji Reddy

بی جے پی کے رکن قانون ساز کونسل انجی ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان تمام شعبوں میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور عالمی سطح پر اپنا اثر ورسوخ بڑھاتے ہوئے ایک عالمی طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ کریم نگر پارلیمنٹ دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس میں بی جے پی کے ضلعی قائدین کے ساتھ بات کرتے ہوئے انجی ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت 2047 تک ملک کو 'وِکست بھارت' بنانے کے نشانہ کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت کے 12 سال کا دورِ اقتدار اسی سمت میں آگے بڑھا ہے۔ حکومت عوام کی فلاح و بہبود، اقتصادی ترقی اور قومی سلامتی جیسے امور کو یکساں اہمیت دیتے ہوئے حکمرانی کررہی ہے۔

PTC, Karimnagar

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ وکانکنی جی کشن ریڈی نے سنگارینی کمپنی کے تحفظ اور ترقی کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک مکتوب لکھا ہے۔ انہوں نے میڈیا رپورٹس پر گہری تشویش کا اظہار کیا جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ریاست کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھی جانے والی سنگارینی کمپنی سے تقریباً 1600 کروڑ روپے مالیت کا 40 لاکھ ٹن کوئلہ غائب ہوگیا ہے۔ انہوں نے مکتوب میں نشاندہی کی کہ کمپنی پہلے ہی حکومت سے ملنے والے 51 ہزار 500 کروڑ روپے کی واجب الادا رقم کی عدم ادائیگی کی وجہ سے شدید دباؤ میں ہے اور ایسے وقت میں اس طرح کی بے قاعدگیاں سنگارینی کو مزید نقصان پہنچائیں گی۔ انہوں نے ان الزامات کی جامع تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اپیل کی کہ مستقبل میں ایسے واقعات کو روکنے کے لئے جدید ٹکنالوجی کی مدد سے نگرانی کے نظام کو مضبوط کیا جائے اور مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

PTC, Hyderabad

Suryapet District SP

سوریہ پیٹ کے ضلع ایس پی نرسمہا نے اپیل کی ہے کہ گانجہ اور دیگر منشیات کے خاتمہ میں نوجوان بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ پراجا پالنا پرگتی پرانالیکا کے 99 روزہ ایکشن پلان کے حصہ کے طور پر سوریا پیٹ ضلع پولیس کے زیر اہتمام چیویملا منڈل میں منشیات کے خاتمہ کے سلسلہ میں نوجوانوں کے لئے ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر ایس پی نرسمہا نے کہا کہ حکومتِ تلنگانہ منشیات سے پاک سماج کی تشکیل کے لئے پوری طرح پرعزم ہے اور اس مقصد کے حصول کے لئے نوجوانوں کو پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر آگے آنا چاہئے۔

PTC, Nalgonda

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر و سرسلہ کے ایم ایل اے کے ٹی آر نے کہا ہے کہ کے سی آر نے ہمیشہ تلنگانہ کے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کام کیا ہے۔ راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ حلقہ کے کارکنوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اکثر یہ تنقید کرتے ہیں کہ کے سی آر نے ریاست کو قرضوں میں ڈبو دیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ کے سی آر نے قرض کا ایک ایک روپیہ غریب عوام کی بھلائی پر خرچ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کے سی آر نہ ہوتے تو تلنگانہ کا وجود نہ ہوتا۔ ایس آئی آر پروگرام کے سلسلہ میں انہوں نے بی آر ایس کارکنوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کی تاکہ ووٹر لسٹ سے نام حذف نہ کئے جاسکیں۔ انہوں نے زور دیا کہ کارکن گراؤنڈ لیول پر باریک بینی سے نگرانی کریں تاکہ اس مہم کے دوران من مانے طریقہ سے ووٹوں کو نہ ہٹایا جاسکے۔

PTC, Sircilla

PM Modi -Visit France

وزیراعظم نریندر مودی فرانس اور سلوواکیہ کے اپنے 6 روزہ دورہ پر روانہ ہو گئے ہیں۔ روانگی سے قبل اپنے بیان میں مودی نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کے اسٹراٹیجک ویژن میں فرانس کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ اس دورہ کا بنیادی مرکز ہندوستان اور فرانس کے درمیان اقتصادی اور ثقافتی روابط کو فروغ دینا ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ دورہ یورپی یونین کے ساتھ ہندوستان کی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید فعال بنائے گا، جس کا سلوواکیہ ایک اہم اور قابل قدر رکن ہے۔ وزیراعظم کل فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے ساتھ مل کر بھارت انوویٹس کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی تقریب ہندوستان ۔ فرانس انوویشن سال کے پس منظر میں منعقد ہو رہی ہے۔ مودی نے کہا کہ یہ تقریب ہندوستان کے سب سے امید افزا اسٹارٹ اپس کو عالمی سرمایہ کاری سے جوڑے گی اور ہندوستان کے اعلیٰ تعلیمی نظام سے ابھرنے والی اختراعات کے لئے ایک اہم محرک کا کام کرے گی۔

Desk

OO